© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

- ریٹائرڈ فوجی افسر چلے ہوئے کارتوس ہیں۔ (پرویز مشرف)

الجھا ہے پاؤں یار کا زلفِ دراز میں
لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا

- پنجاب میں گورنر راج ختم اور مسلم لیگ ن سے تعاون کا اعلان۔ (صدر زرداری کا پارلیمنٹ میں خطاب)

ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

- صدر پاکستان کو تنقید کا نشانہ بنانا جمہوریت کے لیے ٹھیک نہیں۔ (وزیر اطلاعات)

ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ!

- افتخار چودھری کے علاوہ تمام مطالبات ماننے کو تیار ہوں۔ (زرداری)

میں تو چیف جسٹس ڈوگر کی ریٹائرمنٹ کا انتظار کر رہا تھا۔ (زرداری)

- زرداری نے اپنے اقدامات کی وجہ سے پیپلز پارٹی کو غیر مقبول کر دیا۔ (صنم بھٹو)

آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

- ملتان: جلال باقری قبرستان میں دوبارہ تجاوزات قائم۔ (ایک خبر)

مُردوں کی ہڈیوں پر کوٹھیاں تعمیر کی جا رہی ہیں۔

- چیف جسٹس موجود ہیں کسی اور کی بحالی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ (مشیر داخلہ رحمٰن ملک)

اور پھر تلوار ٹوٹ گئی!

- عدلیہ کی بحالی کے بعد سلمان تاثیر اور رحمٰن ملک نے چپ سادھ لی۔ (ایک خبر)

یاں لاکھ لاکھ سخن اضطراب میں
واں اک خامشی بس ترے جواب میں

- اوباما کی طرف سے دنیا کو امن کا پیغام۔ (ایک خبر)

ہیں کواکب کچھ، نظر آتے ہیں کچھ　　دیتے ہیں دھوکا یہ بازی گر کھلا

- راؤ قمر سلیمان نے پاک فضائیہ کی کمانڈ سنبھال لی۔ (ایک خبر)

صحرا است کہ دریا است، تہ بال و پر ما است



© rasailojaraid.com